RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۴۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ ربیع الثانی سنہ ۱۳۱۳ھ مطابق ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ع | جلد ۷

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہز ہائینس نواب صاحب بہادر دام اقبالہ

والی ریاست رامپور پریزیڈنٹ آف کونسل

چونکہ آج مہاراجہ صاحب بہادر بنارس تشریف فرمائے رامپور ہونگے مناسب ہے کہ مہاراجہ صاحب بہادر موصوف کے تشریف آوری کی آمد میں آج دو بجے سے کل ۱۵ اکتوبر کی شام تک دفاتر میں تعطیل دی جاوے۔

لہذا حکم ہوا

روبکار ہذا کی ایک ایک نقل تمام محکمہ جات ریاست میں اطلاع کی غرض سے بھیجدی جاوے اور ایک نقل درج گزٹ ہو سررشتہ سے احکام اطلاع جاری کر دیے جائیں۔

حکم اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور واقع ۹ر ستمبر ۱۸۹۵ء

آج پیش بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی واضح ہوا کہ قانون انسداد چاقو مجریہ ۱۸۹۲ء میں تعیین حدود مضافات شہر رامپور نہیں ہوا ہی صاحب مجسٹریٹ ضلع بغرض انفصال مقدمات تعیین حدود مضافات شہر رامپور چاہتی ہیں صاحب مؤلف قانون نے حدود مضافات شہر قائم کر کے ایک نقشہ شامل کر دیا ہی - لہذا باتفاق رائے تجویز ہوا کہ تعیین حدود مضافات شہر مطابق نقشہ مرتبہ صاحب مؤلف قانون منظور ہے صاحب جوڈیشل ممبر بہادر بطور ضمیمہ قانون مذکور اوسکو چھپوا کر بہت سا مطبوعہ ہر فرد و اہل اجلاس میں بھجوا دیں اور درج گزٹ بھی کرا دیں مثل باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

دستخط حضور پر نور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر

دستخط نواب ریونیو ممبر بہادر — دستخط خانبہادر صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حکم خانبہادر صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

ضمیمہ قانون بنا بر اندراج گزٹ مع نقل حکم کونسل مطبع کو بھیجا جاوے اور مہتمم مطبع کو لکھا جاوے کہ ۲۵ قطعہ علیحدہ اس ضمیمہ کے طبع کرا کر بھیجدیں - ۳ر اکتوبر ۱۸۹۵ء

ضمیمہ قانون انسداد داشت چاقو منظوری اجلاس کامل کونسل حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم منعقدہ ۹ر ستمبر ۱۸۹۵ء

ازانجا کہ قانون انسداد داشت چاقو کا واسطے شہر رامپور اور مضافات کے ۱۸۹۲ء میں جاری ہوا تھا اور لفظ مضافات میں تعیین حدود مضافات شہر کا نہیں تھا لہذا بغرض انفصال مقدمات قانون مذکور کے تعیین حدود مضافات شہر رامپور ضرور متصور ہو کر منظوری تجویز صاحب مؤلف قانون شہر رامپور کی حدود بغرض حصول مقصود قانون مذکور کی مفصلہ ذیل قرار دیے گئے تا کہ اہالیان پولیس اور حکام فوجداری کو اوسکی بموجب عملدرآمد کرنے میں کوئی اشتباہ اور اختلاف واقع نہو -

اسٹیشن ریلوی	بھمن پوری	طاسٹکہ	نانکار
سیجنی	گدڑہ	پلٹن	پسیہ پورہ
باغ بینظیر	بدہر سیر	بی نظیر پورہ	خاص باغ
گھاٹ کوسی	لین سواران -		

حکم اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور واقع ۱۰ر ستمبر ۱۸۹۵ء

آج مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی واضح ہوا کہ دولی سنگھ ولد جیت سنگھ نائک کمپنی چہارم پلٹن پیدل کی پنشن کی نسبت کرنیل اس صاحب بہادر سے رای طلب ہوئی تھی کہ آیا سلسلہ ملازمت نامبردہ بوجہ پہلے چلے جانے اندور کے قائم رکھنا چاہیے یا نہیں صاحب بہادر ممدوح اوسکی سفارش کرتے ہیں اور تحریر فرماتے ہیں کہ نواب صاحب بہادر خلد آشیان مرحوم و مغفور کا یہ منشا نہیں تھا کہ نامبردہ کو زمرہ ملازمت سے خارج کیا جاوے بلکہ بوجہ عمدہ کھانا پکانے کے ہمراہ جب ہولکر کے لحاظ سے اوسکو بھیجدیا تھا - لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن دولی سنگھ ولد جیت سنگھ نائک کمپنی چہارم تعدادی چار روپیہ ماہوار منظور ہے مثل بنا بر اجرای احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم — دستخط نواب ریونیو ممبر صاحب بہادر

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حکم نواب ریونیو ممبر صاحب بہادر

موافق تجویز کونسل عالیہ احکام ضابطہ جاری ہون۔

روبکار اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۷ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء

چونکہ ڈالی خانہ و باغات کا کام بلا منصرم اچھی طور سے نہیں چلتا۔ مد سرکاری مال کی پوری پوری نگرانی معرفت سپرنٹنڈنٹ و نائب سپرنٹنڈنٹ باغات ہوتی ہے بسبیل مطالبہ اور اوسکی ترقی مین پوری پوری کوشش کیجاتی ہے لہذا یہ کام سپرد منشی ریاقت حسین گرداور خطان صحت کیا جاوے۔ نامبردہ کے ذریعہ سے کل رپورٹ متعلقہ باغات سپرنٹنڈنٹ و دیگر داروغہ باغ روانہ کرینگے اور کل حساب و سرشتہ ڈالیخانہ اونسے متعلق متصور ہوگا جہان تک طلب صاحب باغات کا تعلق ہے وہان تک منشی ریاقت حسین صاحب موصوف کے ماتحت سمجھے جاینگے۔ باغات مرادآباد و بریلی کی نگرانی بہی منصرم ڈالیخانہ کے متعلق ہوگی۔ اور نامبردہ اپنے پاس سواری بدستور رکہین گے اور زیادہ تنخواہ پائین گے جو اونہین سر رشتہ شفاخانہ یونانی سے ملتی ہے جب مرادآباد۔ بریلی۔ شاہ آباد۔ بلاسپور جانیکی ضرورت ہوگی تو بہتہ سرکار سے ملیگا عہدہ نائب سپرنٹنڈنٹ باغات تخفیف کیا گیا۔ محمد میر خان داروغہ عنایت اللہ باغ وفرحت افزا مقرر ہوگئے پہلے منشی ریاقت حسین کے منشی امیر حسین امیدوار جو کارکردہ اور کام جمعبندی و گشت گرداوری سے واقف ہے بشاہرہ تیس ۳۰ روپیہ ماہوار متصوم خطان صحت مقرر کئے گئے جس وقت نامبردہ گھوڑا خرید لینگے تو پنجعدد روپیہ ماہوار اونہین بطور بہتہ دیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

حسب تحریر بالا احکام جاری ہون۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۹ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء

نقیہ یادداشت جسٹرار صاحب سے معلوم ہوا کہ علاوہ رخصت

آٹھہ روز علاوہ تعطیل مین ابتدای ۱۰ اکتوبر سے تا نہایت ۲۰ اکتوبر مع حال

بوجہ جانے وطن گئے

رخصت آٹھہ روز منظور ہے جسٹری کا کام حسب معمول مفتی صاحب دیوانی انجام فرماوین اور مطبع کا کام میر حشمت علی کرینگے احکام ضابطہ جاری ہون۔

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر واقع ۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء

مفصل حق خان متعینہ مودی خانہ کی رپورٹ ہے کہ ابتدای مئی سنہ ۱۸۹۵ء لغایت ستمبر سنہ ۱۸۹۵ء جو دیسی غلہ گندم و نخود مین کمی ہوئی اس کمی کی علاوہ کی بابت جیسی تجویز ہو بجواب اوسکے تعمیل کیجاوی نیز سپرنٹنڈنٹ کارخانجات و منصرم مودیخانہ و قطب الدین خان سی اس بارہ مین مشورہ لیا باتفاق سبھوں کی یہ رائے قرار پائی کہ توفیر غلہ جسقدر ہو وہ جمع خرچ کارخانجات مین بلا اندراج قیمت درج ہوا کرے منصرم مودیخانہ اس امر کا ذمہ دار کیا جاوے کہ جب غلہ توفیر کا بنا برصرف کارخانجات دیا کرین تو اوسی وقت بذریعہ تحریر انچی کی کارخانہ اوان کو مطلع کیا کرین کہ اسقدر غلہ توفیر کا بنا برصرف کارخانجات دیا گیا ہی اوسکی قیمت درج جمع خرچ نہ کیجاوی مثلاً اگر منصرم مودیخانہ غلہ توفیر کا بنا برصرف اصطبل دین تو منصرم اصطبل کو اور اگر کاو خانہ غلہ توفیر کا بنا برصرف دیا جاوی تو منصرم گاو خانہ کو علی ہذا القیاس جس کارخانہ کو غلہ توفیر بنا برصرف دیا جاوی اوس کارخانہ دار کو بذریعہ تحریر انچی کی اطلاع دینا کام منصرم مودیخانہ کا ہوگا اور کارخانہ دار مذکور غلہ مذکور درج جمع خرچ کرکے قیمت اوسکی قائم نہیں کریگا

اسلیے کہ وہ منزلہ مال توفیر سرکار ہوگا اور مہتمم مودیخانہ اوسکی برو قت آمد و خرچ بنا برقاعدہ مطابقت کر دیا کرین گے ہمارے نزدیک یہی بہتر ہے غلہ توفیر اسی طور پر مناسب ہے کہ کارخانجات مین صرف ہو کر دام اوسکے لگائی جاوین بمنزلہ مال سرکار لکھا جایا کرے لہذا —

حکم ہوا کہ

حسب تصریح بالا احکام حسب ضابطہ بنام افسر آڈٹ و دیوان صدر و منتظمین کارخانجات و سپرنٹنڈنٹ کارخانجات و مہتمم مودیخانہ جاری ہون اور ایک نقل بذریعہ ٹکٹ مین چھپانی ہو ایک نقل درج گزٹ ہو اور مہتمم مودیخانہ ایک رجسٹر بنالین اوسمین غلہ توفیر کا جس جس کارخانہ کو دیوے درج کرتے جائین اور سال تمام پر موجب اوسکے نقشہ مرتب کر کے پیش کرین تاکہ معلوم ہو کہ اس سال مین فلان کارخانہ کو اس قدر غلہ توفیر کا دیا گیا —

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر واقع ۹ اکتوبر ۱۹۰۵ء

مہاراجہ صاحب بہادر بنارس کی تشریف آوری کا جو وقت اب تک معلوم ہوا ہے وہ ۱۳ اکتوبر ۱۹۰۵ء چار بجے سہ پہر کا ہے — روبکار مورخہ یکم اکتوبر ۱۹۰۵ء جسمین پروگرام درج ہوا ہے وہ تخمینی وقت ۱۲ بجے دن کے تھا اب بلحاظ وقت معہود حسب ذیل ترمیم کیجاتی ہے —

۱ — ۱۴ اکتوبر ۱۹۰۵ء صبح کو مہاراجہ صاحب بہادر بازدید کے واسطے خورشید منزل مین تشریف لائین گے اور اسی تاریخ شام کو کلب مین شریک جلسہ ٹی پارٹی ہونگے —

۲ — ۱۵ اکتوبر ۱۹۰۵ء صبح کو دربار لیوی ہوگا اور شام کو بمقام گشت بارک گارڈن پارٹی ہوگی —

۳ — ۱۶ اکتوبر ۱۸۹۵ء صبح کو ریویو ہوگا اور شام کو ۵ بجے کرتب جنگی لین پر ہوگا —

۴ — ۱۷ اکتوبر ۱۹۰۵ء صبح کو ملاحظہ کچہریات و کارخانجات ہسپتال وغیرہ ہوگا اور اسی تاریخ دیوانخانہ کلان کی مہتابی پر ڈنر ہوگا جیسا کہ روبکار مورخہ یکم اکتوبر مین تصریحاً لکھا گیا ہے روشنی اور بعد ڈنر آتشبازی اسی تاریخ ہوگی —

حکم ہوا کہ

احکام روبکار سابق جہان جہان گئے ہین اونکے پاس احکام مطابق اس روبکار کے بھی جاری کر دئے جائین اور گزٹ مین بھی نقل بھیجدی جائے

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۷ / لغایت ۱۳ / اکتوبر ۱۸۹۵ء عیسوی

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال	۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض					کیفیت
شہر رامپور	۳۰	۱۱	۹	۵	۵۵	۲۹ / ۱۹	۱۱	۹	۰	۱	۶	۷	۱۴	۱۴	۳۲	۲	۰	۰	۱۶	۱۸	۳۴	۰
حوالی شہر	۶	۱	۴	۱۱	۸	۳	۴	۵	۱	۲	۵	۷	۱۰	۱۴	۱۶	۸	۰	۰	۲۱	۳	۲۴	۰
عظیم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
ملک	۵	۱۳	۸	۲۹	۹	۲۱	۶	۴	۴	۲	۹	۷	۱۹	۱۳	۸	۲۴	۰	۰	۰	۳۲	۳۲	۰
شاہ آباد	۶	۱۰	۱۶	۳۳	۷	۲۶	۱۳	۱۰	۴	۱	۱۱	۵	۲۸	۱۶	۲۹	۱۵	۰	۰	۴۴	۰	۴۴	۰
پٹوائی	۶	۸	۷	۲۱	۶	۱۵	۲	۳	۰	۰	۲	۲	۴	۵	۰	۹	۰	۰	۴	۵	۹	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
سوار	۲	۷	۱	۱۰	۹	۱	۲	۶	۱	۰	۱۱	۳	۱۴	۸	۱۸	۴	۰	۰	۴۲	۰	۴۲	۰
ملک خانم	۰	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
میزان	۵۱ ۴	۲۶	۳۹	۱۵۹	۷۷	۸۲	۳۸	۳۷	۱۰	۶	۴۴	۳۰	۹۲	۷۳	۱۰۳	۶۲	۰	۰	۱۰۷	۵۸	۱۶۵	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۷ / لغایت ۱۳ / اکتوبر ۱۸۹۵ء

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ار	۱۲ار	۱۳ار	۱۲ار	۱۵ار	۱۳ار	
نخود خالص	۱۶ار	۱۵ار	۱۵ار	۱۶ار	۱۵ار	۱۵ار	
نخود کسیارہ	۱۹ار	۱۶ار	۱۷ار	۱۰ار	۱۲ار	۱۷ار	
[illegible]	۲۰ار	۰	۰	۱۸ار	۰	۰	
ماش	۹ار	۱۳ار	۱۰ار	۸ار	۹ار	۹ار	
مونگ	۱۲ار	۱۲ار	۰	۱۱	۰	۹ار	
مکا	۲۲ار	۱۹ار	۲۰ار	۲۱ار	۲۲ار	۲۲ار	
جئی	۲۰ار	۰	۰	۰	۲۲ار	۲۲ار	
گڑ سپید	۱۸ار	۰	۰	۰	۲۰ار	۲۰ار	
عدس	۲۰ار	۱۵	۰	۲۰ار	۰	۱۶ار	
ارہر	۲۰ار	۰	۰	۲۰ار	۰	۲۰ار	
برنج	۲ار	۱۵ار	۳ار	۱۱ار	۱۱ار	۹ار	
روغن زرد	[illegible]	۱ار	۱ار	۱ار	۱ار	۱ار	
روغن سرسوں	۲ار	۲	۲ار	۲ار	۲ار	۲ار	
روغن کنجی	۰	۲	۰	۰	۰	۲ار	
نمک سانبھر	۸ار	۸ار	۹ار	۸ار	۹ار	۸ار	
[illegible]	۶ار	۶	۵	۷	۰	۷	
سیاہ	۶	۷ار	۶	۶ار	۶ار	۰	